SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release

April 27, 2021

ایس ای سی پی کا ریگولیٹری سینڈ بکس پر ویبنار

فن ٹیک کے فروغ کے لئے سازگار ریگولیٹری ماحول کی فراہمی اولین ترجیح ہے؛چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان

اسلام آباد(اپریل 27)سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے چیئرمین عامر خان کا کہنا ہے کہ ملک میں فن ٹیک کمپنیوں اور انٹرپینیورشپ کو فروغ دینے کے لئے سازگار ریگولیٹری ماحول کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔جدید انفرمیشن ٹیکنالوجی کے استعمال اور کاروباری آسانیوں کے لئے کئی اصلاحات متعارف کروائی گئی ہیں اور ریگولیٹری سینڈ بکس ان اصلاحات کا ایک اہم حصہ ہے۔

چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان ریگولیٹری سینڈ بکس کے موضوع پر منعقد ویبنار سے خطاب کررہے تھے۔اس ویبنار کا مقصد سینڈ بکس کے تصور کی وضاحت کرنا اور سینڈ بکس میں کاروباری ماڈل کا تجربہ کرنا کا طریق کار اور انڈسٹری کو حاصل فوائد سے آگاہ کرنا تھا۔

عامر خان نے کہاکہ گزشتہ ایک برس میں پاکستان میں فن ٹیک کی صنعت نے نمایاں ترقی کی ہے اور ملک میں مالیاتی شمولیت کو بہتر بنانے کے لئے اہم متبادل ذرائع کے طورپر سامنے آرہی ہے۔انہوں نے مزید کہاکہ مالیاتی شعبے میں انفرمیشن ٹیکنالوجی کے بڑھتے استعمال سے ریگولیٹرز اور فنانشل سپروائزرز کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کا چیلنج درپیش ہے۔ عامر خان نے کہاکہ ایس ای سی پی کی جانب سے ریگولیٹری سینڈ بکس کو متعارف کروانے کا مقصد بھی جدید کاروباری ماڈل،مالیاتی مصنوعات اور ٹیکنالوجی کی بنیاد پر فراہم کی جانے والی خدمات کے لئے موزوں ریگولیٹری ماحول فراہم کرنا ہے۔چیئرمین ایس ای سی پی نے شرکاء کو بتایا کہ ریگولیٹری سینڈ بکس کے دوسرے مرحلے میں،ڈیجیٹل اثاثوں، جس میں سیکیورٹی ٹوکن کی سہولت(STO)،نان بینکنگ فنانشل کمپنیوں، بلاک چین ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل شناخت کی سہولتوں جس میں اے ایم ایل،صارف کی شناخت(KYC)،آرٹی فیشل انٹیلی جنس، مشین لرننگ اور آٹومیشن پر مبنی کاروباری آئیڈیاز کو ترجیح دی جائے گی۔

ایس ای سی پی کے متعلقہ افسران نے ریگولیٹری سینڈ بکس کے ماڈل،کام کے طریق کار،درخواست گزاروں کی اہلیت کے معیار اور درخواستوں کی جانچ پڑتال کے طریق کار پر جامع بریفنگ دی اور شرکاء کے سوالات کے جوابات دئے۔ویبنار میں ریگولیٹری سینڈ بکس کے پہلے مرحلے میں کامیاب ہونے والی کمپنیوں کے نمائندوں نے سینڈ باکس کے ماحول میں اپنی پراڈکٹ کے تجربے سے بھی آگاہ کیا اور اس سلسلے میں ایس ای سی پی کی طرف سے مسلسل رہنمائی کو سراہا۔ویبنار کے اختتام پر ،ایس ای سی پی کے عہدیداروں نے شرکاء کے سوالات کے تفصیلی جوابات دئے۔شرکاء نے ایس ای سی پی کی کاوشوں کو سراہا اور عوام اور سٹیک ہولڈرز کی رہنمائی کے لئے ایسے آگہی ویبنار تسلسل کے ساتھ منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005